پہلی دو رکعت کے بجائے آخری دو رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھی جائے، تو کیا حکم ہے؟

مجیب: ابوالحسن جمیل احمد غوری العطاری

فتوی نمبر: Web-487

تاریخ اجراء: 24 محرم الحرام 1444ھ / 23 اگست 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

فرض نماز کی کوئی سی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کی قراءت کرنا واجب ہے تو کیا چار رکعت فرض میں دوسری اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کی قراءت کرنے سے واجب ادا ہو جائے گا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

چار رکعت فرض جیسے ظہر، عصر اور عشا کی کوئی سی بھی دو رکعت اور اسی طرح تین رکعت فرض جیسے مغرب کی کوئی سی بھی دو رکعت میں مطلقاً قراءت کرنا فرض اور پہلی دو ہی میں ہونا واجب ہے، لہٰذا اگر کوئی قصداً پہلی دو رکعتوں میں قراءت بالکل نہ کرے مگر آخری دو رکعتوں میں کر لے یا مغرب کی پہلی و تیسری یا دوسری اور تیسری رکعت میں قراءت کر لے تو فرض ادا ہو جائے گا مگر قصداً ترکِ واجب کے سبب نماز واجب الاعادہ ہو گی۔

نیز فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ باقی تمام نمازوں کی ہر رکعت میں مکمل سورۂ فاتحہ پڑھنا اور سورت ملانا یا قرآن پاک کی ایک بڑی آیت جو چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا واجب ہے اور یہ واجب ان ہی رکعتوں میں ادا ہو گا، (یہ مسئلہ درست نہیں کہ فرض نماز کی کوئی سی دو رکعتوں میں سوۂ فاتحہ کی قراءت کرنا واجب ہے بلکہ درست یہ ہے کہ پہلی دو رکعت میں کرنا واجب ہے) لہٰذا اگر فرضوں کی پہلی دو رکعتوں یا ان میں سے ایک رکعت میں سورۂ فاتحہ قصداً نہ پڑھی، تو نماز کا اعادہ واجب ہو گا۔ اسی طرح اگر سہواً سورۂ فاتحہ رہ گئی اور اس رکعت کے سجدہ میں جانے تک یاد نہ آیا تو اس صورت میں بھی سجدہ سہو واجب ہو گا۔

ہاں سہواً فاتحہ رہ جانے کی صورت میں اگر اسی رکعت کے رکوع میں یا رکوع کے بعد سجدے میں جانے سے پہلے یاد آ گیا تو واپس لوٹے، سورۂ فاتحہ و سورت پڑھے، پھر دوبارہ رکوع کرنا فرض ہے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔

بہار شریعت میں ہے:”نماز فرض میں دو پہلی رکعتوں میں قراءت واجب ہے۔الحمد اور اس کے ساتھ سورت ملانا فرض کی دو پہلی رکعتوں میں اور نفل و وتر کی ہر رکعت میں واجب ہے۔“(بہار شریعت،ج1،ص517،مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net